The Voice of the Time
DAILY TIMES

Wednesday
December 05, 2018
Rabi-ul-Awwal 26, 1440 A.H.
Rs.10
Peshawar

## Capacity building workshop:

# Depoliticization and operational autonomy of police key to uphold rule of law: Speakers

PESHAWAR: The speakers at a workshop have said that the legislature, executive and judiciary should only commit to legislation, execution and adjudication respectively, which is prerequisite for rule of law in the country. The bureaucrats should also meet the formalities and legal requirements related to policy making, they should not create hurdles in the process while depoliticization and operational autonomy of police is crucial to uphold rule of law.

They were addressing two days Ulasi Taroon, Youth Capacity Building workshop organized by the Center for Research and Security Studies (CRSS) at Abbottabad University of Science and Technology.

The workshop was attended by former woman lawmaker Ms. Amna Sardar, District Police Office Abbottabbad Abbass Majeed Marwat, Vice Chancellor Abbottabad University of Science and Technology Dr. Iftikhar Ahmad, educationist Shagufta Khalique, Manager programs CRSS Malik Mustafa, Director Students Affairs Hazara University Prof. Dr. Faisal Norooz, senior journalist Shams Mohmand, and students from different universities of the province.

Ms. Amna Sardar said that democracy is about inclusion where the citizens feel that they belong to the society, government and the state and are being represented on the issues that concern them.

The primary role of parliamentarians is to voice the concerns of citizens in the parliament and convey their feedback critical to inclusive policy making processes, as the policy making should be inclusive of the matters that concern the citizens the most. She also stressed that educational curriculum needs to be revised and adapted to the modern times requirements and challenges.

DPO Abbas Marwat said unfortunately the police in Pakistan has a very poor image. The way police behaves with us is the way we behave within the society, as the police also come from society. So if we expect police to behave well with us, we need to improve our behaviors. Khyber Pakhtunkhwa police is a role model for other provinces to emulate. A number of steps have been taken to build its image and improve public relations to address the longstanding public-police trust deficit. He added depoliticization and operational autonomy of police is crucial to uphold rule of law. The police must be given authority where the authority is administered with responsibility.

Vice Chancellor Dr. Iftikhar Ahmad was of the view that the youth not only need to know their own rights but also have knowledge of and show respect for others rights. Also the knowledge comes with responsibilities, as you learn about the democratic values and tolerance perspectives, there is a huge onus on you to further disseminate these positive messages within your respective social and professional spheres. The purpose of varsities is to produce the future leaders and not just the degree holders.

Registrar AUST Dr. Saifullah, said appreciated the CRSS initiative of Ulasi Taroon that aims to promote peace and cohesion. Such activities should take place more often as universities are the breeding grounds for future leaders.



The Frontier Post

First national English daily published from Peshawar, Islamabad, Lahore, Quetta, Karachi and Washington D.C

241 RABI ul AWWAL 26 1440 -- WEDNESDAY, DECEMBER 05 2018 PESHAWAR EDITION

# People participation must for improving 'Rule of Law'

F.P. Report

ABBOTTABAD: People participation and taking interest are very important to improve the governance and rule of law in the country; this was said by speakers in a day-long workshop in Abbottabad. The workshop was organized by Center for Research and Security Studies (CRSS) on Tuesday. Former MPA Amna Sardar, DPO Abbass Majeed Marwat, VC Abbottabad University Dr Iftikhar Ahmed and others were present in the workshop.

During the debate, the speakers said that this is what the universities are meant for; the discourse embedded in the constitutionalism and the values of cohesion as it aims to enhance awareness on the prerequisites of social peace and harmony. They added that the youth not only need to know their own rights but also have knowledge of and show respect for others rights. Also the knowledge comes with responsibilities, as you learn about the democratic values and tolerance perspectives, there is a huge onus on you to further disseminate these positive messages within your respective social and professional spheres.

Regarding the 'Rule of Law', DPO and other said that unfortunately the police in Pakistan has a very poor image and adding that the way police behaves with us is the way we behave within the society, as the police also comes from society. The public should respect the police for immense sacrifices made; going above and beyond the call of their duty, they added.

Former MPA Amna Sardar, democracy is about inclusion where the citizens feel that they belong to the society, government and the state and are being represented on the issues that concern them. She added that besides parliament, judiciary and executive, media is also considered as fourth pillar of the state as it also represents the society. The primary role of parliamentarians is to voice the concerns of citizens in the parliament and convey their feedback critical to inclusive policy making processes, as the policy making should be inclusive of the matters that concern the citizens the most.

The speakers also appreciated the CRSS initiative of Ulasi Taroon that aims to promote peace and cohesion. Such activities should take place more often as universities are the breeding grounds for future leaders.

★★★★★★
قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن
ABC CERTIFIED
پشاور،اسلام آباد،لاہور،ملتان،رحیم یار خان،مظفر آباد،کراچی،فرنکفرٹ،لندن،گلگت بلتستان سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا اردو اخبار
فیکس: 091-5252021
فون: 091-5606315
E-mail:ausaf@dsl.net.pk
http://www.dailyausaf.com
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
روزنامہ اوصاف پشاور
DAILY AUSAF PESHAWAR
چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان
جلد: 4 | بدھ، 26 ربیع الاول 1440ھ، 5 دسمبر 2018، 21 مگھر 2075 ب، صفحات 12 قیمت 20 روپے | شمارہ: 147
WEDNESDAY, DECEMBER 05, 2018
Registered ID 174

# امن اور انصاف کیلئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے، مقررین

## جمہوری و سیاسی حقوق کے لئے آواز بلند کرنا نوجوانوں کی ذمہ داری ہے

پشاور (بیورو رپورٹ) بہتر طرز حکمرانی اور مضبوط جمہوریت کے لئے ووٹر اور امیدواروں کا سیاسی وسماجی شعور میں اضافہ اور فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے، جبکہ معاشرے میں امن اور سماجی انصاف کے لئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے قانون کی حکمرانی کے لئے مقننہ عدلیہ اور انتظامیہ کا اپنے اپنے آئینی کردار سے عہدہ برآ ہونا ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار ساجدہ ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا آمنہ سردار، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ایبٹ آباد عباس مجید مروت اور اور وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی ڈاکٹر افتخار احمد نے سی آر ڈی ایس کے زیر اہتمام اولسی تڑون ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں مختلف اضلاع کے چار یونیورسٹیوں کے تیس طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ ورکشاپ سے مقررین کا کہنا تھا کہ اپنے جمہوری و سیاسی حقوق کے لئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)



آواز بلند کرنا نوجوانوں کی ذمہ داری ہے انھوں نے زور دیا کہ انتخابات میں ووٹ ڈالتے وقت قومی اور سماجی مقاصد کو مدنظر رکھا جائے انھوں نے میڈیا اور خاص کر سوشل میڈیا کے مثبت استعمال پر زور دیا تاکہ عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کو بڑھایا جا سکے۔ انھوں نے کہا کہ پولیس کے لئے سیاسی دباؤ سے آزادی اور انتظامی خودمختاری ناگزیر ہے۔ تاکہ وہ احساس ذمہ داری کیساتھ اپنے فرائض ادا کر سکے۔

www.express.com.pk

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس پشاور

WEDNESDAY, DECEMBER 05,

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 17 شمارہ 65 | بدھ، 26 ربیع الاول 1440ھ 5 دسمبر 2018ء صفحات 12 قیمت 20 روپے

## مضبوط جمہوریت کیلئے عوامی شرکت ناگزیر ہے، سی ار ایس ایس

پشاور (پ ر) بہتر طرز حکمرانی اور مضبوط جمہوریت کے لئے لوگوں کے سیاسی وسماجی شعور میں اضافہ اور فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے، معاشرے میں امن وانصاف کے لئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے، قانون کی حکمرانی کے لئے مقننہ، عدلیہ اور انتظامیہ کو آئینی حدود کے اندر رہ کر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، ان خیالات کا اظہار مقررین نے سی آر ایس ایس کے زیر اہتمام اولسی ٹرون ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

www.jang.com.pk
★★★★★★★★★
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
KP EDITION WEDNESDAY DECEMBER 05, 2018
THE DAILY JANG RAWALPINDI ★★★
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962449 5962444
فیکس 5962277
روزنامہ جنگ راولپنڈی
بانی..... میر خلیل الرحمٰن
صفحات 12 قیمت 20 روپے
جلد 60
بدھ 26 ربیع الاوّل 1440ھ 5 دسمبر 2018، 22 مگھر 2075ب
نمبر 333




سی آر ایس ایس کے زیر اہتمام اولسی تڑون کی ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء کا گروپ فوٹو

www.dailysubh.pk

ABC CERTIFIED

صبح ازل یہ مجھ سے کہا جبرائیل ؑ نے جو عقل کا غلام ہو وہ دل نہ کر قبول

Member A.P.N.S

روزنامہ صبح پشاور

چیف ایڈیٹر سہیل شمشاد

ایڈیٹر: قیصر بٹ

پشاور، راولپنڈی اور ایبٹ آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

صفحات 12

جلد 18 بدھ 5 دسمبر 2018ء 26 ربیع الاول 1440ھ قیمت 10 روپے شمارہ 139

WEDNESDAY 5 DECEMBER, 2018 Reg. P.N 468 ABC CERTIFIED

# حقوق کیلئے آواز بلند کرنا نوجوانوں کی ذمہ داری ہے آمنہ سردار

## قانون کی حکمرانی کیلئے مقننہ، عدلیہ اور انتظامیہ کو آئینی حدود کے اندر رہ کر کردار ادا کرنا چاہیے، ممبر قومی اسمبلی

## انتخابات میں ووٹ ڈالتے وقت قومی اور سماجی مقاصد کو مدنظر رکھا جائے، سیمینار سے خطاب

ایبٹ آباد(اے پی پی) بہتر طرز حکمرانی اور مضبوط جمہوریت کے لئے لوگوں کے سیاسی و سماجی شعور میں اضافہ اور فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے، معاشرے میں امن وانصاف کے لئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے، قانون کی حکمرانی کے لئے مقننہ، عدلیہ اور انتظامیہ کو آئینی حدود کے اندر رہ کر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، ان خیالات کا اظہار مقررین نے سی آر ایس ایس کے زیراہتمام اولسی ٹرون ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ورکشاپ میں سابق ممبر صوبائی اسمبلی آمنہ سردار، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ایبٹ آباد عباس مجید مروت، وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی ڈاکٹر افتخار احمد کے علاوہ مختلف اضلاع کے یونیورسٹیوں کے طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ سابق خاتون رکن اسمبلی آمنہ سردار نے کہا کہ جمہوری و سیاسی حقوق کے لئے آواز بلند کرنا نوجوانوں کی ذمہ داری ہے، انتخابات میں ووٹ ڈالتے وقت قومی اور سماجی مقاصد کو مدنظر رکھا جائے، عوام منتخب نمائندوں پر دباؤ ڈال کر بہتر نمائندگی پر مجبور کر سکتے ہیں انہوں نے نصاب تعلیم کو دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ ڈی پی او ایبٹ آباد عباس مجید مروت نے کہا کہ بدقسمتی سے پولیس کے بارے میں عوام کا تصور خراب ہے حالانکہ پولیس اسی معاشرے سے ہے، خیبر پختونخوا پولیس دوسرے صوبوں کے لئے ایک رول ماڈل کی حیثیت رکھتی ہے، پولیس کیلئے سیاسی دباؤ سے آزادی اور انتظامی خودمختاری ناگزیر ہے۔ وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی ڈاکٹر افتخار احمد نے کہا کہ معاشرے کو مستقبل کے لیڈر فراہم کرنا یونیورسٹیوں کی ذمہ داری ہے صرف ڈگریوں کی فراہمی کافی نہیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 9 بقیہ نمبر 6)

بقیہ نمبر 6 آمنہ سردار

کہا کہ تنقیدی سوچ پر مبنی ایک ترقیافتہ معاشرے کا قیام ہی یونیورسٹیوں کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ ورکشاپ میں رجسٹرار ایبٹ آباد یونیورسٹی سیف اللہ خان، ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئر ہزارہ یونیورسٹی ڈاکٹر فیصل نوروز، ڈاکٹر مجدد، شگفتہ خلیق، مصطفیٰ ملک اور شمس مومند نے انسانی حقوق، برداشت اور جمہوری اداروں کے کردار پر آگاہی دی۔ آخر میں طلبہ میں سرٹیفکیٹس تقسیم کئے گئے۔

ABC Certified

پشاور سے شائع ہونیوالا کارکن صحافیوں کا اخبار

روزنامہ

# وقت پشاور

ایڈیٹر: گلزار علی خان

صفحات 6

قیمت 10 روپے

| | | |
|---|---|---|
| شمارہ نمبر 85 | بدھ 5 دسمبر 2018ء، 26 ربیع الاول 1440ھ | جلد 8 |





پشاور: اولسی تڑون کے زیراہتمام منعقدہ سیمینار کے اختتام پر شرکاء کا گروپ فوٹو

# پولیس کے بارے میں عوام کا تصور خراب ہے، عباس مجید مروت

## قانون کی حکمرانی کیلئے مقننہ، عدلیہ اور انتظامیہ کو آئینی حدود کے اندر رہ کر کردار ادا کرنا چاہیے، مقررین کا سیمینار سے خطاب

پشاور (وقت نیوز) بہتر طرز حکمرانی اور مضبوط جمہوریت کے لئے لوگوں کے سیاسی وسماجی شعور میں اضافہ اور فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے، معاشرے میں امن وانصاف کے لئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے، قانون کی حکمرانی کے لئے مقننہ، عدلیہ اور انتظامیہ کو آئینی حدود کے اندر رہ کر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، ان خیالات کا اظہار مقررین نے سی آر ایس ایس کے زیراہتمام اولسی تڑون ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ورکشاپ میں سابق ممبر صوبائی اسمبلی آمنہ سردار، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ایبٹ آباد عباس مجید مروت، وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی ڈاکٹر افتخار (بقیہ نمبر 54)

بقیہ نمبر 54 عباس مجید مروت

احمد کے علاوہ مختلف اضلاع کے یونیورسٹیوں کے طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ سابق خاتون رکن اسمبلی آمنہ سردار نے کہا کہ جمہوری وسیاسی حقوق کے لئے آواز بلند کرنا نوجوانوں کی ذمہ داری ہے، انتخابات میں ووٹ ڈالتے وقت قومی اور سماجی مقاصد کو مدنظر رکھا جائے، عوام منتخب نمائندوں پر دباؤ ڈال کر بہتر نمائندگی پر مجبور کر سکتے ہیں انہوں نے نصاب تعلیم کو دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ ڈی پی او ایبٹ آباد عباس مجید مروت نے کہا کہ بدقسمتی سے پولیس کے بارے میں عوام کا تصور خراب ہے حالانکہ پولیس اسی معاشرے سے ہے، خیبرپختونخوا پولیس دوسرے صوبوں کے لئے ایک رول ماڈل کی حیثیت رکھتی ہے، پولیس کیلئے سیاسی دباؤ سے آزادی اور انتظامی خودمختاری ناگزیر ہے۔

★★★★★

لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات پشاور

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن

جلد 7 | بدھ 26 ربیع الاوّل 1440ھ 5 دسمبر 2018ء 22 مگھر 2075ب | صفحات 12 | قیمت 20 روپے | شمارہ 331

www.naibaat.pk e-mail: nb@naibaat.com

# سیاسی وسماجی فیصلہ سازی میں عوامی شرکت ناگزیر ہے، آمنہ سردار

## عوام اپنے منتخب نمائندوں پر دباؤ ڈال کر انہیں بہتر نمائندگی پر مجبور کر سکتے ہیں

پشاور (سٹی رپورٹر) بہتر طرز حکمرانی اور مظبوط جمہوریت کے لئے ووٹر اور امیدوار دونوں کا سیاسی وسماجی شعور میں اضافہ اور فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے، جبکہ معاشرے میں امن اور سماجی انصاف کے لئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے قانون کی حکمرانی کے لئے مقننہ عدلیہ اور انتظامیہ کا اپنے اپنے آئینی کردار سے عہدہ برآ ہونا ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار سابقہ ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا آمنہ سردار ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ایبٹ آباد عباس مجید مروت اور اور وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی ڈاکٹر افتخار احمد نے سی آر ایس ایس کے زیر اہتمام اولسی تڑون ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں مختلف اضلاع کے چار یونیورسٹیوں کے تیس طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ ورکشاپ سے مقررین کا کہنا تھا کہ اپنے جمہوری وسیاسی حقوق کیلئے آواز بلند کرنا نوجوانوں کی ذمہ داری ہے کیونکہ بحیثیت مستقبل کے رہنما قوم کی ان سے بہت سی توقعات وابستہ ہے۔

Jihad Against Poverty & Illiteracy in Pakistan Free from all Religious Groups & Creeds

MEMBER A.P.N.S

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ABC CERTIFIED

DAILY JIHĀD PESHAWAR

روزنامہ جہاد پشاور

بانی: شریف فاروق مرحوم

ایڈیٹر: طاہر فاروق

پاکستان میں غربت، جہالت اور پسماندگی کیخلاف عملی جہاد

جلد 43 | بروز بدھ 5 دسمبر 2018ء 26 ربیع الاول 1440ھ قیمت 10 روپے | Pesh:2210522 Fax:2553890 Isb:2202846 | شمارہ 190

# مضبوط جمہوریت کیلئے سیاسی و سماجی شعور میں اضافہ ضروری ہے، مقررین

## قانون کی حکمرانی کیلئے مقننہ، عدلیہ اور انتظامیہ کو آئینی حدود کے اندر رہ کر کردار ادا کرنا چاہیے، فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے

پشاور (نیوز رپورٹر) بہتر طرز حکمرانی اور مضبوط جمہوریت کے لئے لوگوں کے سیاسی و سماجی شعور میں اضافہ اور فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے، معاشرے میں امن وانصاف کے لئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے، قانون کی حکمرانی کے لئے مقننہ، عدلیہ اور انتظامیہ کو آئینی حدود کے اندر رہ کر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، ان خیالات کا اظہار مقررین نے سی آر ایس ایس کے زیر اہتمام اولسی ٹرون ورکشاپ سے خطاب کرتے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 69)

**بقیہ 69**

ہوئے کیا، ورکشاپ میں سابق ممبر صوبائی اسمبلی آمنہ سردار، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ایبٹ آباد عباس مجید مروت، وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی ڈاکٹر افتخار احمد کے علاوہ مختلف اضلاع کے یونیورسٹیوں کے طلباء و طالبات نے شرکت کی

اسلام آباد، راولپنڈی، لاہور، گوجرانوالہ، ملتان اور کراچی سے بیک وقت اشاعت

کلام الٰہی

سب طرح کی تعریف اللہ ہی کیلئے ہے جو تمام مخلوقات کا پروردگار ہے ○ بڑا مہربان نہایت رحم والا ○ انصاف کے دن کا حاکم ○ اے پروردگار ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں ○ ہم کو سیدھے رستے چلا ○ ان لوگوں کے رستے جن پر تو اپنا فضل وکرم کرتا رہا نہ ان کے جن پر غصے ہوتا رہا اور نہ گمراہوں کے۔ آمین (سورۃ فاتحہ 1 تا 6)

www.jehanpakistan.pk

ABC CERTIFIED
MEMBER, APNS, CPNE

روزنامہ

ایڈیٹر انچیف اویس رؤف

# جہان پاکستان

اسلام آباد

جلد 6 | بدھ 26 ربیع الاول 1440ھ 5 دسمبر 2018ء 22 مگھر 2075ب | شمارہ 303 | صفحات 12 | قیمت 20 روپے

## فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے، آمنہ سردار

### معاشرے میں امن اور سماجی انصاف کے لئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے

پشاور (سٹی رپورٹر) بہتر طرز حکمرانی اور مضبوط جمہوریت کے لئے ووٹر اور امیدوار دونوں کے سیاسی وسماجی شعور میں اضافہ اور فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے جبکہ معاشرے میں امن اور سماجی انصاف کے لئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے قانون کی حکمرانی کے لئے مقننہ عدلیہ اور انتظامیہ کا اپنے اپنے آئینی کردار سے عہدہ برآ ہونا ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار سابقہ ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا آمنہ سردار ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ایبٹ آباد عباس مجید مروت اور اور وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی ڈاکٹر افتخار احمد نے سی آر ایس ایس کے زیر اہتمام اولسی تڑون ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں مختلف اضلاع کے چار یونیورسٹیوں کے تیس طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ ورکشاپ سے مقررین کا کہنا تھا کہ اپنے جمہوری وسیاسی حقوق کے لئے آواز بلند کرنا نوجوانوں کی ذمہ داری ہے کیونکہ بحیثیت مستقبل کے رہنماء قوم کی ان سے بہت سی توقعات وابستہ ہے انھوں نے زور دیا کہ انتخابات میں ووٹ ڈالتے وقت قومی اور سماجی مقاصد کو مدنظر رکھا جائے۔

Web: www.awamunas.com Email: awamunas@gmail.com

پشاور/لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد اور سوات سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیرالاشاعت قومی اخبار

The Daily AWAM-UN-NAS Peshawar / Pakistan

Member A.P.N.S

"بہترین انسان وہ ہے، جو دوسروں کے لیے مفید ہو" (الحدیث)

Member C.P.N.E

روزنامہ

# عوام الناس

پشاور پاکستان

چیف ایڈیٹر

محمد اشرف ڈار

WEDNESDAY,5, DECEMBER, 2018, Reg.PN 540

جلد 14 بدھ 5 دسمبر 2018ء 26 ربیع اول 1440ھ قیمت 10 روپے شمارہ 105

## بہتر طرز حکمرانی اور مضبوط جمہوریت کیلئے سیاسی و سماجی شعور میں اضافہ ضروری ہے، مقررین

### قانون کی حکمرانی کیلئے مقننہ، عدلیہ اور انتظامیہ کو آئینی حدود کے اندر رہ کر کردار ادا کرنا چاہیے، سیمینار سے خطاب

پشاور ( ) بہتر طرز حکمرانی اور مضبوط جمہوریت کے لئے لوگوں کے سیاسی و سماجی شعور میں اضافہ اور فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے، معاشرے میں امن و انصاف کے لئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے، قانون کی حکمرانی کے لئے مقننہ، عدلیہ اور انتظامیہ کو آئینی حدود کے اندر رہ کر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے ، ان خیالات کا اظہار مقررین نے سی آر ایس ایس کے زیر اہتمام او سی ٹرون ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ورکشاپ میں سابق ممبر صوبائی اسمبلی آمنہ سردار، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ایبٹ آباد عباس مجید مروت، وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی ڈاکٹر افتخار احمد کے علاوہ مختلف اضلاع کے یونیورسٹیوں کے طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ سابق خاتون رکن اسمبلی آمنہ سردار نے کہا کہ جمہوری و سیاسی حقوق کے لئے آواز بلند کرنا نوجوانوں کی ذمہ داری ہے، انتخابات میں ووٹ ڈالتے وقت قومی اور سماجی مقاصد کو مدنظر رکھا جائے، عوام منتخب نمائندوں پر دباؤ ڈال کر بہتر نمائندگی پر مجبور کر سکتے ہیں انہوں نے نصاب تعلیم کو دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

ABC Certified

روزنامہ

# اخبار پشاور

چیف ایڈیٹر
سید بلال شاہ

ایڈیٹر
راجہ عظمت علی

پشاور اور ایبٹ آباد سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اخبار

جلد نمبر 28 | بدھ 5 دسمبر 2018ء بمطابق 1440ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 203

## پولیس کیلئے سیاسی دباؤ سے آزادی ناگزیر ہے، عباس مجید مروت

### معاشرے میں امن اور سماجی انصاف کے لئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے، آمنہ سردار

کوہاٹ (بیورو رپورٹ) سابق رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا آمنہ سردار نے کہا ہے کہ بہتر طرز حکمرانی اور مظبوط جمہوریت کے لئے ووٹر اور امیدوار دونوں کا سیاسی وسماجی شعور میں اضافہ اور فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے، جبکہ معاشرے میں امن اور سماجی انصاف کے لئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے قانون کی حکمرانی کے لئے مقننہ عدلیہ اور انتظامیہ کا اپنے اپنے آئینی کردار سے عہدہ برآ ہونا ضروری ہے سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکیورٹی سٹڈیز (سی آر ایس ایس) کے زیر اہتمام اولسی تڑون کے نام سے منعقدہ ورکشاپ سے خطاب کر رہیں تھیں ورکشاپ سے ڈسٹرکٹ پولیس آ (بقیہ نمبر 75)

**بقیہ نمبر 75**

فیسر ایبٹ آباد عباس مجید مروت اور اور وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی ڈاکٹر افتخار احمد نے بھی خطاب کیا ورکشاپ میں مختلف اضلاع کی چار یونیورسٹیوں کے تیس طلباء وطالبات نے شرکت کی ورکشاپ کا بنیادی مقصد نوجوانوں کی تنقیدی صلاحیتوں کو نکھارنا تھا آمنہ سردار نے کہا کہ اپنے جمہوری و سیاسی حقوق کے لئے آواز بلند کرنا نوجوانوں کی ذمہ داری ہے کیونکہ بحثیت مستقبل کے رہنماء قوم کی ان سے بہت سی توقعات وابستہ ہیں انھوں نے اس بات پر زور دیا کہ انتخابات میں ووٹ ڈالتے وقت قومی اور سماجی مقاصد کو مد نظر رکھا جائے جبکہ امیدوار کا کردار سیاسی وسماجی شعور اور مسائل کی جانب ان کا نقطہ نظر بھی مدنظر رکھنا ضروری ہے۔انھوں نے کہا کہ عوام اپنے منتخب نمائندوں پر دباؤ ڈال کر بہتر نمائندگی پر مجبور کر سکتے ہیں کیونکہ جمہوریت کا مقصد ہی عوام کی شرکت اور ان کی خواہشات کے مطابق حکمرانی کو یقینی بنانا ہے۔اور نمائندوں کا اولین کام ہی پارلیمنٹ میں اپنے عوام کی خواہشات اور ضرورتوں کے مطابق قانون سازی اور پالیسی سازی میں حصہ لینا ہے۔آمنہ سردار نے نصاب تعلیم کو دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔تاکہ نوجوانوں میں آئین وقانون کے احترام اور جمہوریت کی اہمیت کو اجاگر کیا جاسکے۔ڈی پی او ایبٹ آباد عباس مجید مروت نے ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بدقسمتی سے پولیس کے بارے میں عوام کا تصور بہت خراب ہے اگر ہم چاہتے ہیں کہ پولیس کا رویہ عوام کیساتھ اچھا ہو تو عوام بھی پولیس قربانیوں کو مدنظر رکھ کر پولیس سمیت تمام سیکیورٹی اداروں کیساتھ احترام اور محبت کا رویہ اپنائے عباس مجید مروت نے کہا کہ پولیس کے لئے سیاسی دباؤ سے آزادی اور انتظامی خودمختاری ناگزیر ہے۔

# کوئی شخص قانون سے بالاتر نہیں، وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی

## قانون کا احترام ہر شہری کا فرض ہے، جس معاشرے میں قانون کا احترام نہیں ہوتا وہاں بے راہ روی ہوتی ہے، ڈاکٹر افتخار

ایبٹ آباد (آج نیوز) قانون سے کوئی بھی بالاتر نہیں ہے، قانون کا احترام ہر شہری پر فرض ہے، جس معاشرہ میں قانون کا احترام نہیں ہوتا وہاں بے راہ روی اور اپنی اپنی مرضی چلتی ہے اور پھر کمزور کو مزید کمزور کر دیا جاتا ہے، وہاں کوئی کسی کی نہیں سنتا، آج ہم اپنی سڑکوں پر دیکھیں تو ٹریفک جام ایک معمول بن گیا ہے اسکی بنیادی وجہ صرف یہی ہے کہ ہمیں صرف اپنی غرض سے مطلب ہے سڑک پر چلتے ہوئے ہم صرف اپنے منزل پر دھیان دے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)



وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر افتخار احمد ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں


پشاور، ایبٹ آباد اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت قومی روزنامہ

روشن کل کی ضمانت، آج کا نصب العین

روزنامہ آج

ایبٹ آباد
پاکستان

ایڈیٹر
عبدالواحد یوسفی

صفحات 8

جلد 23 | سوموار 24 دسمبر 2018ء 16 ربیع الثانی 1440ھ قیمت 10 روپے | شمارہ 62


**بقیہ نمبر 45 — وائس چانسلر**

رہے ہیں ہوتے ہیں، جس ایمبولینس کے اندر پڑا مریض اپنی زندگی کی بازی ہار جاتا ہے اور سائرن خاموش ہو جاتا ہے، ان خیالات کا اظہار وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر افتخار احمد نے گزشتہ روز سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی سٹڈیز اور ایبٹ آباد یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے اشتراک سے منعقدہ ورکشاپ سے اپنے خطاب کے دوران کیا، قبل ازیں سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی سٹڈیز کی ٹریننگ کنسلٹنٹ شگفتہ خلیق نے ورکشاپ کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی اس موقع پر یونیورسٹی کے سینئر افسران بھی موجود تھے، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر افتخار احمد نے کہا کہ ریاست نے ہمارے حقوق کا تعین کیا ہوا ہے، لیکن ہم کیوں یہ نہیں سمجھتے کہ حقوق دیگر لوگوں کے بھی اسی طرح ہیں، انہوں نے کہا کہ ریاست کی طرف سے لاگو کردہ قوانین کا احترام ہم سب پر فرض ہے، پروفیسر ڈاکٹر افتخار احمد کا کہنا تھا کہ تربیتی ورکشاپس کا ہرگز یہ مقصد نہیں ہوتا کہ آپ آئیں کھانا کھائیں باتیں کریں اور چلے جائیں اور سب کچھ بھول جائیں بلکہ انکا مقصد ہوتا ہے ہمیں آگاہی دینا ہم یہاں سے آگاہی لیکر جاتے ہیں اور اس پیغام کو پھیلانا ہمارا فرض ہوتا ہے، اس سرگرمی کا مقصد بھی آج کے نوجوان کو تیار کرنا ہے

# مضبوط جمہوریت کیلئے سیاسی وسماجی شعور میں اضافہ ضروری ہے آمنہ سردار

مینگورہ (نمائندہ خصوصی) بہتر طرز حکمرانی اور مضبوط جمہوریت کیلئے ووٹر اور امیدوار دونوں کا سیاسی وسماجی شعور میں اضافہ اور فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے جبکہ معاشرے میں امن اور سماجی انصاف کیلئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے‘ قانون کی حکمرانی کیلئے مقننہ عدلیہ اور انتظامیہ کا اپنے اپنے آئینی کردار سے عہدہ برآ ہونا ضروری ہے‘ ان خیالات کا اظہار سابق ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا آمنہ سردار‘ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ایبٹ آباد عباس مجید مروت اور اور وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی ڈاکٹر افتخار احمد نے سی آر ایس ایس کے زیر اہتمام اولسی تڑون ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں مختلف اضلاع کے چار یونیورسٹیوں کے تیس طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ یہ ورکشاپ سی آر ایس ایس کے اولسی تڑون پروگرام کا حصہ ہے جس کا بنیادی مقصد نوجوانوں کے تنقیدی صلاحیتوں کو نکھارنا ہے تاکہ وہ دوسروں کے خیالات عقائد ونظریات کا احترام کے ساتھ جائزہ لے کر آگے بڑھنے کے طریقے سیکھ سکے۔ آمنہ سردار نے کہا کہ اپنے جمہوری وسیاسی حقوق کے لئے آواز بلند کرنا نوجوانوں کی ذمہ داری ہے کیونکہ بحیثیت مستقبل کے رہنماء قوم کی ان سے بہت سی توقعات وابستہ ہے انھوں نے زور دیا کہ انتخابات میں ووٹ ڈالتے وقت قومی اور سماجی مقاصد کو مدنظر رکھا جائے کیونکہ ذاتی مسائل اور خاندانی تعلقات پر ووٹ دینا جمہوریت کے لئے نقصان دہ ہے۔ جبکہ امیدوار کا کردار سیاسی وسماجی شعور اور مسائل کی جانب ان کا نقطہ نظر بھی مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ انھوں نے کہا کہ عوام اپنے منتخب نمائندوں پر دباو ڈال کر بہتر نمائندگی پر مجبور کر سکتے ہیں کیونکہ جمہوریت کا مقصد ہی عوام کی شرکت اور ان کی خواہشات کے مطابق حکمرانی کو یقینی بنانا ہے۔ اور نمائندوں کا اولین کام ہی پارلیمنٹ میں اپنے عوام کی خواہشات اور ضرورتوں کے مطابق قانون سازی اور پالیسی سازی میں حصہ لینا ہے۔ آمنہ سردار نے نصاب تعلیم کو دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ تاکہ نوجوانوں میں آئین وقانون کے احترام اور جمہوریت کی اہمیت کو اجاگر کیا جاسکے۔ ڈی پی او ایبٹ آباد عباس مجید مروت نے ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بدقسمتی سے پولیس کے بارے میں عوام کا تصور بہت خراب ہے حالانکہ پولیس اسی معاشرے میں سے ہے جیسا معاشرہ ہوگا پولیس اس سے الگ تھلگ نہیں ہوسکتی ہے اگر ہم چاہتے ہیں کہ پولیس کا رویہ عوام کیساتھ اچھا ہو تو عوام بھی پولیس قربانیوں کو مدنظر رکھ کر پولیس سمیت تمام سیکیورٹیا داروں کیساتھ احترام اور محبت کا رویہ اپنائے۔ انھوں نے کہا کہ پختونخوا پولیس دوسرے صوبوں کے لئے ایک رول ماڈل کی حیثیت رکھتی ہے کیونکہ عوام کیساتھ اس کا رویہ اور تعلق بہتر بنانے کے لئے گزشتہ پانچ سال کے دوران کئی اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ انھوں نے میڈیا اور خاص کر سوشل میڈیا کے مثبت استعمال پر زور دیا تاکہ عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کو بڑھایا جاسکے۔ انھوں نے کہا کہ پولیس کے لئے سیاسی دباو سے آزادی اور انتظامی خودمختاری ناگزیر ہے۔ تاکہ وہ احساس ذمہ داری کیساتھ اپنے فرائض ادا کر سکے۔ انھوں نے مطالبہ کیا کہ پولیس ایکٹ نافذ کرنے کے باوجود بعض قوانین میں دور حاضر کے تقاضوں کے مطابق جدت اور تبدیلی لانا ضروری ہے۔ کیونکہ خود احتسابی اور چیک اینڈ بیلنس کا مضبوط ومربوط نظام اور انسانی حقوق کے احترام پر مبنی عدالتی وپولیس نظام ہی ملک میں قانون کی پاسداری کو یقینی بنا سکتا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی ڈاکٹر افتخار احمد نے کہا کہ معاشرے کو مستقبل کے لیڈر فراہم کرنا یونیورسٹیوں کی ذمہ داری ہے صرف ڈگریوں کی فراہمی کافی نہیں۔ انھوں نے کہا کہ تنقیدی سوچ پر مبنی ایک ترقیافتہ معاشرے کا قیام ہی یونیورسٹیوں کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ انھوں نے موجود طلباء وطالبات پر زور دیا کہ جو کچھ انھوں نے اس ورکشاپ سے سیکھا اسکو دوسروں کیساتھ شیئر کر کے ایک پرامن اور ترقیافتہ معاشرے کے قیام میں اپنا کردار ادا کرے۔ انھوں نے کہا کہ روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ سماجی اقدار کی فہم، برداشت اور مثبت طرز عمل کامیابی کی ضمانت ہے، افتخار احمد نے کہا کہ ہمیں یہ بات ذہن نشین کرنے کی ضرورت ہے کہ بہتر مستقبل اور کامیابی کے لئے دوسروں کیساتھ ہمارا مثبت رویہ اور بہتر اخلاق ہی ہمارے طاقتور ہتھیار ہو سکتے ہیں۔ ورکشاپ میں رجسٹرار ایبٹ آباد یونیورسٹی سیف اللہ خان، ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیر ہزارہ یونیورسٹی ڈاکٹر فیصل نوروز، ڈاکٹر مجدد، شگفتہ خلیق، مصطفیٰ ملک اور شمس مومند نے بنیادی انسانی حقوق، قانون کی حکمرانی، برداشت اور جمہوری اداروں کی اہمیت پر طلباء وطالبات کیساتھ مختلف سیشنز میں گفتگو کی۔ اور اپنے تجربات شریک کئے‘ ورکشاپ کے اختتام پر شریک طلباء وطالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کئے گئے۔


www.dailyazadiswat.com
ABC CERTIFIED | MEMBER APNS/CPNE
Daily AZADI Swat
روزنامہ آزادی سوات
چیف ایڈیٹر ممتاز احمد صادق
جلد نمبر 24 | جمعرات 27 دسمبر 2018 | شمارہ نمبر 332





مضبوط جمہوریت کیلئے سیاسی وسماجی شعور میں اضافہ ضروری ہے آمنہ سردار


قانون کی حکمرانی کیلئے مقننہ عدلیہ اور انتظامیہ کا اپنے اپنے آئینی کردار سے عہدہ برآ ہونا ضروری ہے‘ ممبر صوبائی اسمبلی

معاشرے میں امن اور سماجی انصاف کیلئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے‘ اولسی تڑون ورکشاپ سے خطاب

ABC CERTIFIED

روزنامہ خبرکار سوات

Daily Khabarkar

ایڈیٹر: مشتاق احمد صادق

ریذیڈنٹ ایڈیٹر: غفور خان عادل

dailykhabarkar@gmail.com

جلد نمبر 15 | شمارہ نمبر 286

# مضبوط جمہوریت کیلئے سیاسی و سماجی شعور میں اضافہ ضروری ہے آمنہ سردار

قانون کی حکمرانی کیلئے مقننہ عدلیہ اور انتظامیہ کا اپنے اپنے آئینی کردار سے عہدہ برآ ہونا ضروری ہے ممبر صوبائی اسمبلی

معاشرے میں امن اور سماجی انصاف کیلئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے ورکشاپ سے خطاب



محمدؐ کی غلامی کا کیسا صلہ ملا مجھ کو!!! یزداں نے میرے ہاتھوں میں خود لوح قلم دے دی

کوہاٹ اور ڈیرہ اسماعیل خان سے بیک وقت شائع ہونیوالا جنوبی اضلاع کا کثیر الاشاعت مستند قومی اخبار

روزنامہ **سنگم نیوز** کوہاٹ

Daily SANGAM NEWS KOHAT

چیف ایڈیٹر جاوید اقبال شنواری

ڈپٹی ایڈیٹر عبداللہ حیدر

Sangamnewskohat@gmail.com

جلد نمبر: 6 | جمعہ 26 ربیع الاول 1440ھ 05 دسمبر 2018ء صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 186

# ذاتی مسائل، خاندانی تعلقات، رودو دینا جمہوریت کیلئے نقصان دہ ہے، آمنہ سردار

**جمہوری طرز حکمرانی اور مضبوط جمہوریت کے لئے ووٹرز اور امیدواروں کا سیاسی و سماجی شعور میں اضافہ اور فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے**

**نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے، قانون کی حکمرانی کے لئے مقننہ، عدلیہ اور انتظامیہ کو اپنے اپنے آئینی کردار سے عہدہ برآ ہونا ضروری ہے**

کوہاٹ (سنگم نیوز) سابق رکن صوبائی اسمبلی میر [illegible] آمنہ سردار نے کہا ہے کہ جمہوری طرز حکمرانی اور مضبوط جمہوریت کے لئے ووٹرز اور امیدواروں کا سیاسی و سماجی شعور میں اضافہ اور فیصلہ سازی میں عوام کی شرکت ناگزیر ہے جبکہ معاشرے میں امن اور سماجی انصاف کے لئے نصاب تعلیم میں تبدیلی کی ضرورت ہے قانون کی حکمرانی کے لئے مقننہ (بقیہ نمبر33)